Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768
بسم اللہ الرحمن الرحیم
مرکزی دفتر
رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند
RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA
Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India
E-Mail: info@darululoom-deoband.com
تاریخ..................... حوالہ.....................

دارالعلوم دیوبند میں رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس اختتام پذیر:

مدارسِ اسلامیہ کے ذمہ داران پوری بے دار مغزی اور تن دہی کے ساتھ ملک وملت کی تعمیر میں مصروف رہیں

۲۰ر دسمبر، دیوبند۔(پریس ریلیز)

''مدارسِ اسلامیہ ملت اسلامیہ کی تعمیر وحفاظت کے اہم ادارے ہیں جو اسلامی علوم وفنون کی تعلیم واشاعت اور دینی تربیت کے ساتھ ملک کے لیے پُر امن شہری اور ملت کے لیے رجال کار تیار کرتے ہیں، مدارس اسلامیہ کے ذمہ داران پوری بے دار مغزی اور تن دہی کے ساتھ ملک وملت کی خدمت وتعمیر میں مصروف رہیں''

ان خیالات کا اظہار دارالعلوم دیوبند کے مہتمم وشیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم، صدر کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند نے فرمایا۔ موصوف رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی مجلس عاملہ کے ارکان ونمائندگان کے اجلاس میں صدارتی خطاب فرمارہے تھے، حضرت والا نے ارکان اور صوبائی صدور رابطہ مدارس کو متوجہ کیا کہ حالات بد سے بدتر ہوتے جارہے ہیں، ایسے میں مدارسِ اسلامیہ کو فعال وسرگرم بنانے کی ضرورت ہے۔

دارالعلوم دیوبند کے صدر المدرسین حضرت مولانا سید ارشد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند نے فرمایا کہ: ''مدارس اسلامیہ کا ماضی بہت تاب ناک ہے، ان مدارس کا ملک کی آزادی اور ملت اسلامیہ کی بقاء واستحکام میں بڑا کردار رہا ہے، درحقیقت مدارس اسلامیہ ملک وملت کے بڑے محسن ہیں۔ اسلام، مسلمانوں اور مدارس اسلامیہ کے حوالہ سے حالات بڑے صبر آزما اور ہمت شکن ہیں، لیکن ہم کو اکابر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے نئے تقاضوں کے مطابق مدرسوں کو ڈھالنا ہوگا اور ان کی نافعیت کو بڑھانا ہوگا اور ایسے طریقہ کار کو اختیار کرنا ہوگا، جس سے ملک وملت کے لیے اچھے افراد اور دینی دعوت وخدمت کے لیے باصلاحیت علماء فراہم ہوں''

مولانا شوکت علی قاسمی بستوی، ناظم عمومی رابطہ مدارس واستاذ حدیث دارالعلوم نے رابطہ کی گذشتہ مجلس عاملہ کی کارروائی پڑھی اور مرکزی رابطہ کی سالانہ رپورٹ پیش کی جس میں مختلف صوبوں کی کارکردگی کا جائزہ بھی پیش کیا گیا تھا۔

دیگر اظہار خیال کرنے والوں میں حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی، حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب میر قاسمی، جناب مولانا اشہد صاحب رشیدی مراد آباد، جناب مولانا عبدالقوی صاحب حیدرآباد، جناب مولانا صدیق اللہ صاحب چودھری، کلکتہ کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

اجلاس میں حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی، نائب مہتمم واستاذ حدیث دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا قمرالدین صاحب، حضرت مولانا مفتی اسماعیل صاحب مہاراشٹر، حضرت مولانا محمود حسن صاحب کھیروی، حضرت مولانا نظام الدین صاحب خاموش چھاپی، حضرت مولانا محمد راشد صاحب اعظمی، نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا محمد شاہد صاحب امین عام جامعہ مظاہر علوم سہارنپور، حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری، حضرت مولانا مفتی محمد یوسف صاحب تاؤلوی،

Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دفتر

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دار العلوم دیوبند

RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA

Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India

E-Mail: info@darululoom-deoband.com

حوالہ.................. تاریخ..................

حضرت مولانا مجیب اللہ صاحب گونڈوی، جناب قاری شوکت علی صاحب ویٹ، جناب مولانا مفتی اشفاق احمد صاحب سرائے میر، جناب مولانا علی حسن صاحب مظاہری شمالی ہریانہ، جناب مولانا خورشید انور صاحب ناظم تعلیمات دارالعلوم دیوبند، جناب مولانا محمد اسجد صاحب قاسمی مرادآباد، جناب مولانا عبدالقادر صاحب آسام، جناب مولانا زین العابدین صاحب کرناٹک، جناب مولانا مفتی محمد فاروق صاحب اڈیشہ، جناب مولانا قاری محمد امین صاحب پوکرن، جناب مولانا عبدالہادی صاحب پرتاپ گڈھ، جناب مولانا محمد احمد مدھیہ صاحب پردیش، جناب مولانا داؤد امینی صاحب دہلی، جناب مولانا مفتی ریاست علی صاحب اتراکھنڈ، جناب مولانا محمد خالد صاحب جنوبی ہریانہ، جناب مفتی سراج احمد صاحب منی پور، جناب مولانا عبداللہ خالد صاحب قاسمی ہریانہ، جناب مولانا عبدالشکور صاحب کیرالا، جناب مولانا مفتی صلاح الدین صاحب تامل ناڈو، جناب مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب بہار، جناب مولانا محمد صاحب جھارکھنڈ، جناب مفتی محمد خلیل صاحب پنجاب، جناب مولانا ممتاز صاحب شملہ، جناب مولانا عنایت اللہ صاحب جموں اور جناب مولانا شوکت علی صاحب جھن جھنوں وغیرہ حضرات شریک رہے۔

اجلاس میں مدارس اسلامیہ میں تعلیم وتربیت بہتر بنانے، اساتذہ کی تدریسی تربیت، اندرونی نظام میں سدھار اور مدارس کو ملک وملت کے لیے مزید نافع بنانے کے سلسلہ میں اہم تجاویز منظور کی گئیں۔

حکومت کی جدید قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۱۹ء پر غور وخوض کیا گیا اور مدارس اسلامیہ پر پالیسی کے دوررس اثرات کے جائزے کے لیے ایک ۵؍نفری کمیٹی بھی بنائی گئی، جس کے کنوینر ناظم عمومی رابطہ طے پائے۔

اجلاس کا آغاز حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم کی زیر صدارت مہمان خانہ دارالعلوم میں بعد نماز مغرب متصلاً جناب قاری محمد آفتاب صاحب امروہوی استاذ تجوید وقراءت دارالعلوم دیوبند کی تلاوت قرآن سے ہوا۔ نظامت کے فرائض ناظم عمومی رابطہ مولانا شوکت علی قاسمی بستوی نے انجام دئے، ۹؍بجے شب کو حضرت صدر اجلاس دامت برکاتہم کی دعا پر اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

اجلاس میں حالیہ سالوں میں وفات پانے والے حضرات علماء کرام ودانشوران ملت کے لیے دعائے مغفرت کی گئی، اور تجویز تعزیت بھی منظور کی گئی۔

جاری کردہ

مرکزی دفتر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند

انٹرنیٹ:

یہ خبر دارالعلوم کی ویب سائٹ پر نشر کردی جائے۔

[signature]

۱۵؍۵؍۲۳ء